# سابق امریکی فوجیوں اور معذوری کے حامل افراد کے لیے شہر بھر کے لیے سپروائزری لائسنس: درخواست فارم کی ہدایات

**درخواست کون دے سکتا ہے**

آپ اس شہر بھر کے لیے سپروائزری لائسنس کی انتظار کی فہرست میں شامل ہونے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ:

- کی عمر 18 سال یا زیادہ ہے۔
- کے پاس نیویارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفطان صحت کی جانب سے جاری کردہ موجودہ موبائل فوڈ وینڈر لائسنس (ID بیج) ہے جس کی میعاد باقی ہے۔
- ایک سابق امریکی فوجی ہیں **یا** معذوری کے حامل ہیں۔

اگر آپ کے پاس نیویارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفطان صحت کی جانب سے جاری کردہ موجودہ موبائل فوڈ وینڈر لائسنس نہیں ہے جس کی میعاد باقی ہے تو اس انتظار کی فہرست میں شامل ہونے کی درخواست دینے سے پہلے آپ کو یہ حاصل کرنا ہو گا۔ موبائل فوڈ وینڈر لائسنس حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/health/mobilefood** ملاحظہ کریں۔

**تعریفیں**

- **سابق امریکی فوجی** کوئی بھی شخص جو ریاستہائے متحدہ کی مسلح افواج میں فعال سروس میں تھا اور اسے انضباطی کاروائی کی وجوہات کے علاوہ کسی بھی طریقے سے فوج سے ڈسچارج (اپنی سروس سے فارغ کیا جانا) کیا گیا۔
- **معذوری کا حامل شخص:** کوئی بھی شخص جس کو کوئی جسمانی یا ذہنی معذوری درپیش ہے جو کافی حد تک زندگی کی ایک یا زیادہ اہم سرگرمیوں کو محدود کرتی ہے اور وہ اس معذوری کا ریکارڈ رکھتا ہے۔
    - **جسمانی معذوری** کوئی ایسا عضویاتی مسئلہ یا عارضہ یا عضو کا نقصان ہے جو ان جسمانی نظاموں میں سے کسی ایک یا زیادہ پر اثر انداز ہوتا ہے: اعصابی، پٹھوں اور ہڈیوں سے متعلق، خصوصی حسیات والے اعضاء، سانس سے متعلق (بشمول بولنے سے متعلق اعضاء)، دل اور رگوں سے متعلق، اعضائے تناسل اور پیشاب کے اعضاء سے متعلق، خونی گلٹیوں اور لمف سے متعلق یا جِلد اور اینڈوکرائن سسٹم۔ مثالوں میں شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں، ہڈی جوڑ، دیکھنے، بولنے اور سننے کی معذوریاں، ذہنی فالج، عضلات کا کمزور ہوتے جانا اور دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے حصوں کا سخت ہو کر اعصابی اور دیگر کمزوریاں پیدا کرنا۔
    - **ذہنی معذوری** میں کوئی بھی ذہنی یا نفسیاتی عارضہ شامل ہیں جیسے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کی معذوری، آرگینک برین سنڈروم، جذباتی یا ذہنی مرض اور سیکھنے سے متعلق مخصوص معذوریاں۔
- **معذوری کے حامل سابق امریکی فوجی:** امریکی مسلح افواج کا سابق فوجی جس میں ریاستہائے متحدہ کے محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور نے 10% یا اس سے زیادہ درجہ بندی کی معذوری کی تصدیق کی ہے (جو کہ امریکہ کی مسلح افواج میں فعال خدمات کے دوران واقع ہوئی تھی)۔

## درخواست دینے کا طریقہ

**مرحلہ 1:** اپنا درخواست فارم مکمل کریں۔

- اگر آپ کے پاس فارم نہیں ہے تو **nyc.gov/health/mobilefood** پر جائیں اور "Waiting List Application Form for the Citywide Supervisory License for People with Disabilities and U.S. Veterans" (معذور افراد اور سابق امریکی فوجیوں کے لیے شہر بھر کے لیے سپروائزری لائسنس کی انتظار کی فہرست کا درخواست فارم) کو تلاش کریں۔ آپ **311** پر کال کر کے "mobile food" (موبائل فوڈ) کا کہہ کر درخواست بذریعہ ڈاک بھی منگوا سکتے ہیں۔
- انگریزی میں فارم پُر کریں اور ہر سیکشن کے لیے درج ذیل ہدایات پڑھیں۔

**ذاتی معلومات**

اس سیکشن کو اپنی ذاتی معلومات کے ساتھ پُر کریں، بشمول آپ کا موبائل فوڈ وینڈر لائسنس نمبر، اگر یہ آپ کے لیے پہلے ہی پُر نہ کیا گیا ہو۔ اس سیکشن میں کچھ بھی خالی نہ چھوڑیں۔

**کوئی زمرہ منتخب کریں**

اس سیکشن میں پوچھا گیا ہے کہ کون سا زمرہ آپ کی بہترین وضاحت کرتا ہے: معذوری کا حامل سابق امریکی فوجی، معذوری کا حامل شخص یا سابق امریکی فوجی (بغیر کسی معذوری کے)۔ اس انتظار کی فہرست میں پوزیشنوں کے لیے ترجیح اسی ترتیب میں ہوگی۔ اگر آپ ایک سے زیادہ زمرے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو اعلی ترین زمرہ تفویض کیا جائے گا جس کے آپ اہل ہیں۔

**اہلیت کے ثبوت کے لیے درکار دستاویزات**

جب آپ شہر بھر کے لیے سپروائزری لائسنس کے لیے درخواست دینے کے لیے اس انتظار کی فہرست سے منتخب ہو جاتے ہیں تو آپ کو اس زمرے کے لیے اہلیت کا ثبوت فراہم کرنا ہو گا جسے آپ نے اپنی انتظار کی فہرست کی درخواست میں منتخب کیا ہے۔ اگر آپ اس وقت ثبوت دکھانے سے قاصر ہوں تو آپ کی درخواست مسترد کر دی جائے گی۔ ذیل میں وہ دستاویزات بیان کی گئی ہیں جو آپ کو ثبوت فراہم کرنے کے لیے درکار ہوں گی:

- **معذوری کے حامل سابق امریکی فوجی:** امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور کی طرف سے جاری کردہ ایک اصل خط جو بیان کرتا ہے کہ آپ کو سروس سے متعلق معذوری درپیش ہے۔
- **معذوری کا حامل شخص:**
  - اصل خط یا سرٹیفکیٹ جو آپ کی جسمانی یا ذہنی معذوری کو واضح طور پر بیان کرتا ہے اور اس میں سے ذیل کے نوٹری شدہ دستخط شامل ہوں:
    - ایک لائسنس یافتہ معالج، ماہر امراض چشم، ماہرِ بصارت، ماہر نفسیات، **یا**
    - کسی سماجی ایجنسی کا مجاز نمائندہ جو ریاستی ایجنسی کے تعاون سے معذوروں کے لیے پروگرامز چلاتا ہے اور جس سے درخواست دہندہ خدمات حاصل کر رہا ہے جیسے کہ، اگرچہ فہرست اس تک محدود نہیں، ریاستی دفتر برائے پیشہ ورانہ بحالی۔

  **یا**

  - ایک سرٹیفیکیشن جو ایک سال سے زیادہ پرانی نہ ہو جس سے درخواست دہندہ کی جسمانی یا ذہنی معذوری کے بارے میں معلوم ہوتا ہو، جیسے کہ، اگرچہ فہرست ان تک محدود نہیں، جسمانی یا ذہنی معذوری کی بنیاد پر انکم ٹیکس کی چھوٹ یا سماجی تحفظ کے فوائد کی تصدیق۔
- **سابق امریکی فوجی:**
  - امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور کی جانب سے جاری کردہ سروس کا اصل بیان

  **یا**

  - امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور کی جانب سے جاری کردہ اصل DD214 فارم

  **یا**

  - امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور کی جانب سے جاری کردہ آپ کے اصل DD214 فارم کی Type #4
  - (ٹائپ #4) کاپی

امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور کا علاقائی دفتر 245 W. Houston St., New York, NY 10014 پر واقع ہے۔ علاقائی دفتر کا فون نمبر 800-827-1000 ہے۔

**مرحلہ 2: اپنا مکمل شدہ درخواست فارم 28 اپریل 2026 تک ای میل یا ڈاک کے ذریعے بھیجیں۔**

- آپ صرف **ایک** درخواست فارم جمع کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ ایک سے زیادہ فارم جمع کرواتے ہیں تو ہم صرف آپ کے بھیجے گئے پہلے والے فارم کو قبول کریں گے۔
- اپنا فارم جمع کرانے کے لیے، آپ درج ذیل میں سے **کوئی ایک** طریقہ اپنا سکتے ہیں:
  - اسے **mfvpermitwaitlist@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔
  - اسے درج ذیل پتے پر ڈاک کے ذریعے بھیجیں:

New York City Department of Health and Mental Hygiene
MFV Permit Waiting Lists
125 Worth Street, C.N. #1000
*New York, NY 10013*

- انتظار کی فہرست بننے کے بعد، آپ کو ایک خط موصول ہوگا جس میں آپ کے اسٹیٹس کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔